صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 13 جنوری 2010ء بمطابق 26 محرم الحرام 1431 ہجری سہ پہر چار بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

ءَامَنَ الرَّسُولُ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيۡهِ مِن رَّبِّهِۦ وَالۡمُؤۡمِنُونَ ۚ كُلٌّ ءَامَنَ بِاللَّهِ وَمَلَـٰٓئِكَتِهِۦ وَكُتُبِهِۦ وَرُسُلِهِۦ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِۦ ۚ وَقَالُواْ سَمِعۡنَا وَأَطَعۡنَا ۖ غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيۡكَ الۡمَصِيرُ O لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفۡسًا إِلَّا وُسۡعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا اكۡتَسَبَتۡ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ إِن نَّسِينَآ أَوۡ أَخۡطَأۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ إِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهُۥ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِۦ ۖ وَاعۡفُ عَنَّا وَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَآ ۚ أَنتَ مَوۡلَـٰنَا فَانصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكَـٰفِرِينَ۔

(ترجمہ): سول نے مان لیا جو کچھ اس پر اس کے رب کی طرف سے اترا ہے اور مسلمانوں نے بھی مان لیا سب نے اللہ کو اور اس کے فرشتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور اس کے رسولوں کو مان لیا ہے کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے رسولوں کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کرتے اور کہتے ہیں ہم نے سنا اور مان لیا اے ہمارے رب تیری بخشش چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ کسی کو اس کی طاقت کے سوا تکلیف نہیں دیتا نیکی کا فائدہ بھی اسی کو ہوگا اور برائی کی زد بھی اسی پر پڑے گی اے رب ہمارے! اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کریں تو ہمیں نہ پکڑ اے رب ہمارے! اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر رکھا تھا اے رب ہمارے! اور ہم سے وہ بوجھ نہ اٹھوا جس کی ہمیں طاقت نہیں اور ہمیں معاف کردے اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر تو ہی ہمارا کارساز ہے کافروں کے مقابلہ میں تو ہماری مدد کر۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی اجازت سے ایک-----

جناب سپیکر: یہ 'کوئسچنز آور' کے بعد اگر ہو جائے-----

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!-----

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' کے بعد یہ-----

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر! ایک مہینہ ہو گیا ہے کہ ڈسٹرکٹ لکی مروت کا ایک ڈاکٹر سٹی ہسپتال سے ایک مہینہ پہلے اغواء ہو چکا ہے اور وہ لکی سٹی کا صرف واحد سرجن ہے اور ابھی تک سیکیورٹی والے ان کا کوئی پتہ ہی نہیں لگا رہے ہیں۔ سر، سٹی ہسپتال میں بالکل یہی ایک بندہ تھا جو دن رات کام کرتا تھا لیکن میں حیران ہوں کہ ابھی تک وہاں سے کسی نے ان کے متعلق، سر، ڈاکٹرز یہاں تک کو آپریشن کر رہے ہیں کہ انہوں نے ابھی تک 'سٹرائیک' نہیں کی ہے اور وہ یہی کہہ رہے ہیں کہ ہماری 'سٹرائیک' سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا لیکن سر، آج انہوں نے مجھے بتایا کہ اگر گورنمنٹ اس حد تک خاموش رہی تو پھر ہم یقیناً 'سٹرائیک' پر اتر آئیں گے۔

جناب سپیکر: میں آپ کو، ابھی گورنمنٹ سے بھی اس کا مؤقف سنیں گے، آپ ذرا بیٹھ جائیں جی۔ یہ 'کوئسچنز آور' پہلے، یہ ممبرز کے بڑے ضروری سوالات ہوتے ہیں، اس کے بعد جو بھی ہو، آپ کا اپنا ہاؤس ہے، جس طریقے سے بھی آپ کہیں گے تو ہم کریں گے جی۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: محمد جاوید عباسی صاحب، کوئسچن نمبر 610 جی۔

* 610 ۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے کیبنوں کیلئے اراضی الاٹ کی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کیبنوں کو الاٹ کی گئی اراضی پر ہوٹلز تعمیر کئے گئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) 2002 تا 2007 کیبنوں کیلئے الاٹ کی گئی اراضی پر ہوٹلز کیوں تعمیر کئے گئے؛

(ii) آیا حکومت مذکورہ جرم میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(iii) 2002 تا 2007 غیر قانونی تعمیرات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، اس حد تک درست ہے کہ مذکورہ الاٹ شدہ کیبنوں میں سے تیرہ پر غیر قانونی ہوٹلز نتھیا گلی میں تعمیر کئے گئے ہیں۔

(ج) (i) جی ڈی اے قوانین اور معاہدے کی شرائط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر قانونی ہوٹلز تعمیر کئے گئے۔

(ii) جی ہاں، لیکن اس وقت کیسز عدالتوں میں زیر سماعت ہیں، مزید کارروائی عدالتی فیصلے کی روشنی میں کی جائے گی۔

(iii) 2002تا2007 کے غیر قانونی تعمیرات کی تفصیل درج ذیل ہیں:

LIST OF ILLEGAL CONSTURCTION (2002-2007)

S.No	Name of Allottee	Township
01	Abdul Lateef	Nathia Gali
02	Banaras Khan	Nathia Gali
03	Muhammad Ijaz	Nathia Gali
04	Muhammad Arshid	Nathia Gali
05	Mr. Arbab Khan	Nathia Gali
06	Abdul Razzaq	Nathia Gali
07	Syed Muhammad Parvez	Nathia Gali
08	Muhammad Javed	Nathia Gali
09	Mubarak & Riafat Khan	Nathia Gali
10	Muhammad Amjad	Nathia Gali
11	Mushtaq Ahmad	Nathia Gali
12	Mr. Azad Khan	Nathia Gali
13	Jehanzeb s/o Lal Khan	Nathia Gali

Mr. Muhammad Javed Abbassi: Thank you very much Mr. Speaker-----

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر! میں-----

جناب سپیکر: اس کے بعد جی۔

مولوی عبیداللہ: مغرب کی نماز کے بارے میں کہتا ہوں، مغرب کی نماز کے بارے میں۔

جناب محمد جاوید عباسی: مغرب کی نماز کریں، زیادہ وقفہ کریں۔

جناب سپیکر: جی، جی، سپلیمنٹری جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں جناب سپیکر، جب-----

مولوی عبیداللہ: سپیکر صاحب! زۂ دا ډیره ضروری خبره کوم-----

جناب سپیکر: ہاں جی؟

مولوی عبیداللہ: زۀ وايم چه د ماښام د مونځ د پاره د اجلاس نه او د اسمبلئ د طرف نه چا ته ټائم نه ملاويږی او د اسمبلئ جماعت د اسمبلئ د خلقو د مونځ کولو د پاره جوړ شوے دے او زۀ وينم چه تاسو هم سره د ټولو ورونړو مانځه ته ځئ هم نه او نه تاسو وخت ورکوئ (تالیاں) يو مسلمان ځائے کښے او يو دغه زمونږ صوبه کښے، پکار دا ده چه هغے له تاسو وخت ورکوئ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ټهيک ده جی۔

مولوی عبیداللہ: او د جماعت په وخت کښے تاسو بيس، پچيس منټ کم از کم وقفه کوئ چه دا خلق مونځ کوی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ کوئسچن نمبر 610 ہے۔

جناب گلستان خان: جناب سپيکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: ملک گلستان صاحب کا مائیک ذرا آن کریں۔ جاوید عباسی صاحب! ایک منٹ، ذرا بیٹھ جائیں جی۔

جناب گلستان خان: سر، زما په حلقه ټانک کښے د ماشومانو په پلے گراؤنډ کښے يوه دهماکه شوے ده چه په هغے کښے ماشومان مړه شوی دی او زخميان هم دی، زۀ د دے مذمت کومه او دا وايمه چه د دوئ د پاره د يوه دعا اوکړے شی چه کوم کسان پکښے مړه شوی دی، د هغے نه بعد د بيا د دے هاؤس کارروائی۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب۔

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): جناب سپيکر! د ارشد عبدالله صاحب مور هم په حق رسيدلے ده، د هغے په حق کښے هم يوه دعا اوکړئ۔

جناب سپیکر: ہمارے وزیر ارشد عبداللہ صاحب کی والدہ فوت ہوئی ہیں۔ جی مفتی جانان صاحب! د هغوی د پاره او دا کوم ماشومان چه هغلته شهيد شوی دی، د هغوی د پاره دعا اوکړئ جی۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: اللہ د او بخښی او ظالمان د خدائے غرق کړی نو۔ جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ کوئسچن نمبر 610 ہے اور میرا اس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سپلیمنټری پکښے شته جی؟

جناب محمد جاوید عباسی: جی، سر۔ جناب سپیکر، چونکہ کافی عرصہ پہلے میں نے یہ کوئسچن سیکرٹریٹ میں جمع کروایا تھا اور یہ اس حکومت سے Relate نہیں کرتا تھا، پچھلی حکومت سے متعلق تھا۔ میں صرف اتنا کہوں گا کہ میں بشیر بلور صاحب کا بڑا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے اس معاملے میں آن بورڈ کیا تھا اور ہمارے یہ معاملات الحمد للہ وہاں ان کیساتھ بیٹھ کر طے ہو گئے اور میں پوری طرح Satisfied ہوں۔ میں صرف شکریہ کیلئے کھڑا ہوا تھا۔ جناب سپیکر! آپ کا بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: چلیں تھینک یو جی۔ جاوید عباسی صاحب، دوسرا کوئسچن۔

* 611 ۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے 09-2008 کے دوران کیبن، دکانیں، رہائشی پلاٹس اور کمرشل پلاٹس الاٹ کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کن لوگوں کو الاٹمنٹ ہوئی اور کتنے عرصہ کیلئے ہوئی، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) الاٹمنٹ کی پالیسی کیا ہے اور الاٹمنٹ کمیٹی کے ممبران کے نام اور ان کے عہدوں کے بارے میں تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی نہیں۔

(ب) جز (الف) میں جواب نفی میں دیا جا چکا ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: میرے ایک دوست نے یہاں پہ ایک بات کی تو میں نے کہا کہ اپنے دلوں کا بھید اللہ جانتا ہے اور میں نے کہا کہ ہم مک مکا پر Believe نہیں کرتے اور حکومت کی جو اچھی بات ہو گی، الحمد للہ ہم نے پہلے بھی سپورٹ کی ہے اور آئندہ بھی سپورٹ کریں گے (تالیاں) اور یہ کارنامہ ہے اس حکومت کا کہ ان کی اچھی باتوں کو ہم نے ہمیشہ سپورٹ کیا ہے۔

جناب سپیکر: اچھی بات ہے جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ جو دوسرا کوئسچن ہے، بلور صاحب، میں اس سے بھی سو فیصد مطمئن ہوں۔ جناب، آپ کی اس خلاف سے۔۔۔۔ (قہقہہ)

(تالیاں)

سینئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر، زۀ یو دوہ خبرے او کړم؟

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینئر وزیر (بلدیات): میں عباسی صاحب کا دل سے شکر گزار ہوں اور ان کا جو دوسرا کوئسچن ہے کہ شاید اس میں ہم نے کوئی پلاٹ دیئے یا کسی کو ہم نے کوئی پلاٹ دیا ہے، تو اس میں ہماری طرف سے یہ جواب ہے کہ ہماری گورنمنٹ نے نہ کسی کو کوئی پلاٹ دیا ہے، نہ ہماری گورنمنٹ نے کسی کو کیبن دی ہے، نہ ہماری گورنمنٹ نے کسی کو ایک انچ زمین بھی دی ہے۔ میں یہ آپ کو ذرا واضح کرنا چاہتا ہوں، پریس والے میرے بھائی بیٹھے ہیں، پچھلے دنوں ایک اخبار میں خبر آئی تھی کہ گل جی ایک بہت بڑا آرٹسٹ تھا اور اس کا بہت بڑا بنگلہ ہے جو نتھیا گلی میں ہے، وہ فوت ہو گیا تھا تو اس کے بعد ایک کرنل جو 'ایف ایف' کا کرنل تھا اور یونیفارم میں تھا، ریٹائرڈ نہیں ہوا تھا، اب ریٹائرڈ ہوا ہے، وہ آیا ہے اور اس نے جی ڈی اے کی ڈیپارٹمنٹ کو کہا ہے جی کہ یہ تو میرے پاس ان کا پارٹنرشپ تھا اور یہ میرا بنگلہ ہے، یہ میرے حوالہ کریں۔ تو انہوں نے کہا جی کہ ریکارڈ میں ہمارے پاس آپ کے بارے میں کچھ بھی نہیں ہے، نہ اس کا کوئی Partnership Deed ہے، ہم آپ کو یہ بنگلہ حوالہ نہیں کر سکتے کیونکہ اس فوجی صاحب نے جاکر وہاں پر قبضہ کر لیا اور قبضہ کرنے کے ساتھ ہی اس نے ایک لیٹر لکھا جی ڈی اے کی طرف سے سب ڈیپارٹمنٹ کو کہ نہیں، اس کے کاغذات ٹھیک ہے اور ہم اس کو مانتے ہیں اور یہ قبضہ ان کا حق ہے۔ وہ عدالت میں جاکر اس نے Stay لے لیا اور جب ہم نے پتہ کیا تو مجھے معلومات حاصل ہوئیں، میں نے وہ کاغذات منگوائے تو ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ یہ نہ میرا دستخط ہے، نہ میں نے یہ لیٹر لکھا ہے اور پھر جاکر عدالت میں خود پیش ہوا اور پیش ہو کر وہ Stay order ختم کروایا اور اس سے ہم نے قبضہ لیا۔ اس وقت قبضہ حکومت کے پاس ہے، وہاں پولیس بیٹھی ہیں۔ ہمارے ایک بہت بڑے اخبار نے اس میں لکھا تھا، یہ میرا نام لکھا ہے کہ انہوں نے یہ قبضہ کیا ہوا ہے اور اس میں کوشش کرتے ہیں کہ اس پراپرٹی کو ہم اپنے نام کروائیں، میں فلور آف دی ہاؤس یہ عرض کرتا ہوں کہ تین سال ہو گئے کہ اس کی لیز بھی ختم ہوئی ہے، مگر چونکہ وہ ایک Respectable آدمی تھا، اس کے خاندان میں ابھی تک کسی نے Approach نہیں کی ہے کہ یہ

پراپرٹی میرے نام منتقل کریں یا کوئی اس کی کاغذات لیکر آئیں، Succession سرٹیفیکیٹ لیکر آئیں، کچھ بھی نہیں ہے لیکن اس کے باوجود میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ پراپرٹی گورنمنٹ اور پولیس کے پاس ہے اور اس میں ایسا نہیں ہے کہ کوئی اس پر قبضہ کرلے گا اور نہ کسی کو ہم قبضہ کرنے دیں گے تو میں صرف یہ Explain کرنا چاہتا تھا کہ یہ ہاؤس کو بھی پتہ چلے اور ہماری پریس کو بھی پتہ چلے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ زمین خان، محمد زمین خان، سوال نمبر جی۔

جناب محمد زمین خان: دا کوئسچن نمبر 612 دے ، سر۔

Mr. Speaker: 6?

جناب محمد زمین خان: 612 جی۔

جناب سپیکر: دا مختیار خان تا سره جخت ناست وو، دا سوال د دهٔ دے که ستا دے جی؟

جناب محمد زمین خان: نه جی، دا زما دے۔

جناب سپیکر: ستا سوال دے او تهٔ ئے کوے نو وایه۔

* 612 ۔جناب محمد زمین خان: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف شہروں میں رہائشی منصوبوں پر کام جاری ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ شاہ منصور (ضلع صوابی) کے رہائشی منصوبے میں بے قاعدگیاں ہوئی ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ شاہ منصور، پشاور اور مانسہرہ کے رہائشی منصوبوں میں اینٹی کرپشن نے بے قاعدگیوں کی نشاندہی کی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ رہائشی منصوبوں کے بارے میں انکوائری رپورٹس کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) تاحال جن لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے، ان کے ناموں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ شاہ منصور (ضلع صوابی) کے رہائشی منصوبے میں بے قاعدگیاں ہوئی ہیں۔

(ج) یہ درست ہے کہ شاہ منصور اور مانسہرہ کے رہائشی منصوبوں میں محکمہ انسداد رشوت ستانی نے بے قاعدگیوں کی نشاندہی کی ہے۔

(د) شاہ منصور اور مانسہرہ کے رہائشی منصوبوں میں انکوائری کی تفصیل درج ذیل ہیں:

(i) شاہ منصور رہائشی منصوبے میں بے قاعدگیوں کی بنیاد پر روح الامین، سابقہ پراجیکٹ ڈائریکٹر اور سید قدیم شاہ، سابقہ سپرنٹنڈنٹ / ہاؤسنگ آفیسر، شاہ منصور ٹاؤن شپ ضلع صوابی کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی گئی، جس کے نتیجے میں ان افراد کی متعلقہ قانون کے تحت نوکری سے برخاستگی عمل میں لائی گئی، تاہم ان کو سروس ٹریبونل صوبہ سرحد نے ملازمت پر بحالی کے احکامات صادر فرمائے۔ محکمہ نے بوساطت ایڈووکیٹ جنرل، عدالت عظمیٰ میں اپیل دائر کی ہے جو زیر سماعت ہے۔ اس کے علاوہ محکمہ انسداد رشوت ستانی نے روح الامین، سابقہ پراجیکٹ ڈائریکٹر اور سید قدیم شاہ، سابقہ سپرنٹنڈنٹ / ہاؤسنگ آفیسر صوابی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کی ہے جو کہ عدالت انسداد رشوت ستانی میں زیر سماعت ہے اور سید قدیم شاہ کو جیل بھیج دیا گیا ہے۔

(ii) جہاں تک مانسہرہ رہائشی منصوبہ کی انکوائری کا تعلق ہے تو اس ضمن میں عرض ہے کہ محکمہ انسداد رشوت ستانی نے مندرج ذیل افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کی ہے:

1۔ اسد علی شاہ، سابقہ پراجیکٹ ڈائریکٹر
2۔ سید مظہر حسین شاہ، سپرنٹنڈنٹ
3۔ محمد سعید، بلڈنگ انسپکٹر
4۔ عبدالرشید، سرویئر
5۔ محمد رفیق، جونیئر کلرک
6۔ محمد فیاض، ڈرافٹسمین
7۔ محمد اشفاق، سب انجینیئر
8۔ احمد شاہ، اسسٹنٹ ہاؤسز

محکمہ انسداد رشوت ستانی کی رپورٹ کی روشنی میں مندرجہ بالا سات اہلکاروں کو نوکری سے معطل کیا گیا ہے جبکہ اسد علی شاہ کا کیس محکمہ عملہ میں زیر غور ہے۔ مانسہرہ رہائشی منصوبے کے متعلق

محکمہ انسداد رشوت ستانی اور صوبائی معائنہ ٹیم نے انکوائری کی ہے اور بالآخر بہت زیادہ مالی بد عنوانیوں کی روشنی میں مجاز حکام نے کیس کو نیب کے حوالے کیا ہے جو کہ وہاں زیر تفتیش ہے۔

جناب سپیکر: څه ضمنی۔۔۔۔

جناب محمد زمین خان: دا کوم جواب ئے چه را کړے دے، زۀ د دے نه مطمئن یمه نو دے باندے زۀ دغه نه کوم۔

جناب سپیکر: شکریہ، جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب۔

* 613 ۔جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے 09-2008 کے دوران سڑکوں سے برف ہٹانے کیلئے ٹھیکہ دیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ منظوری کے بغیر بعد میں ٹھیکہ کی رقم میں اضافہ کیا گیا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ٹھیکہ کی رقم میں اضافہ کس کے حکم پر ہوا؛

(ii) گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کی مجوزہ اضافے سے کتنا نقصان ہوا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) جز (ب) میں جواب نفی میں دیا جا چکا ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں مشکور ہوں جناب سپیکر، یہ کوئسچن میں جو انفارمیشن میں نے مانگی تھی، دی گئی ہے، میں بلور صاحب سے ریکویسٹ کرونگا کہ میرے پاس جو انفارمیشن ہے، یہ اس سے Different ہے تو یہ دوبارہ ڈیپارٹمنٹ سے میرے لئے انفارمیشن لے لیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو انفارمیشن انہوں نے Submit کی ہے، وہ کافی نہیں ہے تو میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ میرے اس کوئسچن پر ڈیپارٹمنٹ سے دوبارہ انفارمیشن لے لیں۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ میں نے منگوایا ہے، بلایا ہوا ہے، ڈائریکٹر جنرل بھی بیٹھ جائیں گے اور دیکھیں گے، اگر ذرا سا بھی انیس بیس اس میں ہوا ہو تو میرا یہ فلور آف دی ہاؤس پر وعدہ ہے کہ اس کے خلاف میں ایکشن لونگا کہ کیوں غلط جواب ہمیں لکھ کر دیا گیا ہے؟ آپس میں بیٹھ کر دیکھ لیں گے، غلط ہوا تو میں اس کی ذمہ داری۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ محمد ظاہر شاہ خان، سوال نمبر 499۔

* 499 ۔جناب محمد ظاہر شاہ خان: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ نے شانگلہ میں تباہی مچائی تھی;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس میں سکول بھی تباہ ہوئے تھے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو تباہ شدہ سکولوں کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت مذکورہ سکولوں کو دوبارہ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم (جواب سینیئر وزیر (بلدیات) نے پڑھا): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔ ضلع شانگلہ کے 271 سکولز مکمل اور 328 سکولز جزوی طور پر تباہ ہوئے ہیں۔

(ج) آٹھ اکتوبر 2005ء کے زلزلہ میں 271 سکولز مکمل طور پر تباہ ہوئے ہیں، جن میں 202 سکولز 'ایرا' ضلع شانگلہ نے Strategy Criteria میں لیے ہیں، جن میں 41 سکولوں پر کام شروع ہو چکا ہے اور بقایا 69 سکولوں کو 'ایرا' ضلع شانگلہ نے Non Strategy Criteria میں لیے ہیں، وہ بھی مکمل طور پر تباہ شدہ ہیں جو کہ 'ایرا' کے Strategy Criteria میں شامل کرنا ضروری ہے۔ جزوی طور پر تباہ شدہ سکولز، جن کی تعداد 328 ہے، جن پر ابھی کام شروع نہیں کیا گیا ہے۔ (مکمل تباہ شدہ اور جزوی طور پر تباہ شدہ سکولوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کر دی گئی) تاہم حکومت مذکورہ سکولوں کو دوبارہ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

جناب سپیکر: څه سپلیمنټری سوال پکښے شته جی؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: او شته جی، ټول سپلیمنټری سوال دے خو منسټر صاحب نشته نو ځوک به جواب را کړی، جواب خو ټول غلط دے جی؟

سینیئر وزیر (بلدیات): میں دے دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ کر سکتے ہیں، جواب کون دے گا؟

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر، ہم جواب دیتے ہیں لیکن یہ بات کریں کہ یہ کیا فرما رہے ہیں؟

جناب سپیکر: ضمنی کوئسچن اووایئی جی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: دغه ټول ضمنی سوالات دی کنه جی۔

جناب سپیکر: آپ پڑھیں نا، کوئسچن پڑھیں جی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: سر، انہوں نے میرے سوال کے جواب میں یہ لکھا ہے کہ "271 سکولز مکمل طور پر تباہ ہوئے ہیں، جن میں 202 سکولز 'ایرا' ضلع شانگلہ نے Strategy Criteria میں لیے ہیں، جن میں 41 سکولوں پر کام شروع ہوا ہے اور بقایا 29 سکولوں کو 'ایرا' ضلع شانگلہ نے Non Strategy Criteria میں لیے ہیں، وہ بھی مکمل طور پر تباہ شدہ ہیں جو کہ 'ایرا' کے Strategy Criteria میں شامل کرنا ضروری ہے۔ جزوی طور پر تباہ شدہ سکولز، جن کی تعداد 328 ہے، جن پر ابھی کام شروع نہیں کیا گیا ہے"، نو سر، خبره دا ده چه صرف په اکتالیس سکولونو باندے کار شروع دے او هغه هم غلط دے جی۔ دا دوه سکولونه پکښے زما د کلي دی جی، 'جی پی ایس، میره'، میره زما کلے دے جی، 'جی پی ایس ټوکه میره'، دا پکښے دے او په هغے باندے کار شروع دے، دے باندے کار نه دے شروع جی، دا دروغ وائی۔ بله خبره دا ده جی، لکه دے سکولونو باندے به کله، 2005 کښے زلزله راغلے وه، اوس 2010 دے او پینځه کاله اوشو چه یو سکول هم نه دے تیار، په څومره شروع شو، د سره کار نه دے شروع۔

جناب سپیکر: جی څوک؟ دا بشیر بلور صاحب۔ جناب سینیئر وزیر صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب، منسټر صاحب موجود نه دے خو زهٔ دا عرض کوم چه د 'ایرا' ټول فنانس فیډرل ګورنمنټ کوی او مونږ دوئ ته د هغے دا جواب ورکړے دے چه اکتالیس سکولونو باندے کار شروع شوے دے خو دوئ وائی چه زما حلقه کښے اکتالیس نمبر سکول چه دے، هغه زما حلقه کښے دے او په هغے باندے کار شروع شوے نه دے نو۔۔۔۔

جناب محمد ظاهر شاه خان: په شانګله کښے صرف په اکتالیس سکولونو باندے کار شروع شوے دے۔

سینئیر وزیر(بلدیات): او کنه جی۔

جناب محمد ظاهر شاه خان: په هغے کښے خو دوه سکولونه زما د کلی دی چه په هغے باندے کار نه دے شروع جی، دا ئے دروغ وئیلی دی۔

سینئیر وزیر(بلدیات): په هغے کښے جی نن ټینډر شوے دے او سپیکر صاحب، د دے-----

جناب محمد ظاهر شاه خان: بله خبره دا ده۔ دا 271 سکولونه یو دی جی، زما په خیال-----

سینئیر وزیر(بلدیات): ګورئ جی، د 'ایرا' طریقه کار لږ اوږد دے۔

جناب محمد ظاهر شاه خان: زما عرض واوره جی، د دے پراپر تعداد، زما دا سکولونه، دا سوال پینډنګ کړئ، دا دوانړه-----

سینئیر وزیر(بلدیات): نه، عرض کوم جی۔ ټینډر نن شوے دے، نن ټینډر شوے دے، زهٔ فلور آف دی هاؤس وایم چه نن ټینډر شوے دے۔

جناب سپیکر: ظاهر شاه صاحب! ادرېږه، یو منټ، بنه جی۔

سینئیر وزیر(بلدیات): نن ټینډر شوے دے نو هغه لا پراسس کښے لګیا دے، شروع کوی، زر تر زره به شروع کیږی۔

جناب سپیکر: کله ټینډر شوے دے جی؟

سینئیر وزیر(بلدیات): ټینډر شوے دے، نن ټینډر شوے دے جی۔

جناب سپیکر: نن ټینډر اوشو؟

سینئیر وزیر(بلدیات): او جی، د شل سکولونو یو ځائے ټینډر اوشو او ستاسو سکولونه پکښے شامل دی۔

جناب محمد ظاهر شاه خان: خبره د شلو سکولونو نه ده، خبره د 271 او د 328 سکولونو ده۔ پینځه کاله د زلزلے اوشو چه زلزلے هغه شته سکولونه وران کړی

دی، هغه بالکل تباه شوی دی او بیا ٹھیکیدار هغه ختم کړی دی، جدا یو سړی له ئے ٹھیکه ورکړے وه او هغه ختم کړی دی۔ ټینټونه نشته دے او د ونو لاندے واړهٔ سبق وائی، د دغه ځائے نشته جی۔ دا سوال چه دے، دا دغه ته پته نشته دے۔ بلور صاحب! تا ته پته ده زما۔۔۔۔

<u>جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> جی سکندر خان! ستاسو څه سوال دے؟

<u>جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ:</u> زما سپلیمنټری کوئسچن دے جی۔ جناب سپیکر، وزیر صاحب دا اووئیل چه نن ټینډر شوے دے، زما یقین دے چه دا سوال کم از کم درے څلور میاشتے مخکښے به دوئ داخل کړے وی او هغه وخت کښے دوئ دا لیکی چه کار شروع شوے دے نو دوئ وائی چه نن ټینډر شوے دے، نو دا څنګه بیا کار شروع شوے دے، جناب سپیکر؟

<u>محترمه نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر!۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی نگهت بی بی! ستاسو څه سوال دے جی؟

<u>محترمه نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> صرف سوال پورے محدود شئ۔ سوال تک محدود رہیں۔

<u>محترمه نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سوال هم دغه کومه جی چه هغوی سوال راوړو دلته او بیا د هغے نه پس نن ټینډر هم اوشو او هغے کښے دوئ ته پته هم اولګیده، حالانکه نن منسټر صاحب دلته نشته او بل سړے ورسره ناست وو، فضل الله صاحب، هغوی ورته انفارمیشن ورکړو چه دا غریب چه دے نو دهٔ ته، نو دا سوال Delay کړئ، مهربانی اوکړئ چه لږ سم انفارمیشن د ورکوی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی سردار صاحب، سردار شمعون یار۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> یو، 'ون بائی ون'، سردار شمعون یار۔

<u>سردار شمعون یار خان:</u> شکریہ جی۔ جناب سپیکر، ظاہر شاہ صاحب نے یہ بہت اہم سوال کیا ہے اور اگر اس کے بارے میں آپ کو یاد ہو تو جاوید عباسی صاحب نے بھی ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کے حوالے سے سوالات

کئے تھے اور اس وقت بھی ہمیں یہی جواب دیا گیا تھا، تسلی یہ دی گئی تھی کہ جو بقایا کام رہ گئے ہیں، سکولوں کے اور باقی جو Health facilities تھیں اور گورنمنٹ کی جو بلڈنگز تھیں تو جلد از جلد ان کی تعمیر شروع کی جائے گی اور جو کام پینڈنگ ہے، اسے مکمل کیا جائے گا۔ جناب سپیکر، اس بات کو بھی آٹھ مہینے گزر گئے اور جو آخری لسٹ ہم نے دوبارہ 'پیرا' محکمے سے منگوائی جو 'ایرا' کی ماتحت ہے تو انہوں نے بھی یہی کہا ہے اور ہم اس بات سے بالکل متفق نہیں ہے۔

<u>جناب فضل اللہ:</u> سپیکر صاحب!۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی فضل اللہ، فضل اللہ، سپلیمنٹری کوئسچن۔

<u>جناب فضل اللہ:</u> سپیکر صاحب، دیکښې زۀ لږ وضاحت کومه۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker:</u> Only supplementary question.

<u>جناب فضل اللہ:</u> د دوئ کوئسچن لږ زوړ دے خو دیکښې څه پرون ټینډر شوے دے، څه پکښې نن شوے دے او د وزیر صاحب په نالج کښې هم ده، ما ته هم اطلاع راغلې وه، په دیکښې څه سکولونه پرون ټینډر شوی دی، څه پکښې نن شوی دی او دا کوئسچن چونکه زوړ دے او دا ټول په پراسس باندې روان دی۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی ثاقب خان۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر صاحب، زما درے سپلیمنټری کوئسچنز دی خو د هغې نه مخکښې زما ریکویسټ دا دے آنریبل منسټر صاحب ته چه دا 'ایرا' د فیډرل ګورنمنټ سره ده نو زمونږ دا کوئسچن د نوټ کړی او د هغوی سره د خبره اوکړی او بیا د هغې نه پس د مونږ ته کیږدی۔ سر، زما وړومبے سپلیمنټری کوئسچن دا دے چه 136 ملین یو ایس ډالر کوم Aid چه مونږ ته ملاؤ شوے وو نو هغې کښې Loan هم دے او Grant هم دے چه هغه دے جون کښې Lapse کیږی او 20% کار پرے شوے دے، زما وړومبے سپلیمنټری کوئسچن دا دے د 'ایرا' نه او ریکویسټ مے منسټر صاحب ته دا دے چه دوئ د دا د هغوی سره Take up کړی، دا زمونږه سبجیکټ نه دے چه دوئ به دا 80% کار د جون پورے ختم کړی۔ سر، زما دویم سلیمنټری کوئسچن دا دے چه هغلته یو ګریډ 17 افسر د چیف انجینئر په پوسټ لګیدلے دے، زما کوئسچن دا دے چه کله دا سے

کار کیږی نو منسټر صاحب د د هغوی نه تپوس اوکړی، د 'ایرا' او د فیډرل ګورنمنټ نه چه هغوی به دا کار په دغسے ریګولیټری سره دا کیدے شی چه پوره شی؟ نو سر، دا دوه درے کوئسچنز زما دی خو دا سر، د دوئ جواب، مونږ هسے ټائم ضائع کوؤ۔ زۀ خو ریکویسټ کوم چه دا د نوټ کړی او هغوی له د ورکړی جی۔

جناب سپیکر: یہ اصل میں فیڈرل کوئسچن ہے۔قاضی اسد!آپ ہزارہ سے تعلق رکھتے ہیں، Why do you not take all these things your self?

قاضی محمد اسد خان(وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): کرلیں گے سر،کوئی مسئلہ نہیں۔

جناب سپیکر: ہاں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کرلیں گے جی،ہم حل کرلیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں،'ایرا' کیساتھ ان سب کی میٹنگ ادھر-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کرادینگے جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر،یہ نہیں کریں گے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میرے خیال میں یہ 'کوئسچنز آور' کا وقت ضائع کر رہے ہیں،اگلے سوال پر جائیں جی۔ان کیساتھ مسئلہ حل کرادینگے جی،جس طرح عباسی صاحب چاہتے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہمیں تسلی کرادیں،ہمیں تسلی نہیں ہوئی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:سر،ان کو یقین آجائے گا،میں انشاء اللہ تعالیٰ ان کی تسلی کر وادونگا۔

جناب سپیکر: یہ کوئسچن-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: برخوردار ہے جی،عباسی صاحب،میں اس کا مسئلہ حل کرادونگا۔

جناب سپیکر: یہ کوئسچن میں پینڈنگ کرتا ہوں اور اس میں 'ایرا' والوں کو بلانا ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی:جناب!اس میں میری ایک ریکویسٹ ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمد جاوید عباسی:نہیں سر،اس میں یہ پہلے Determine کریں۔

جناب سپیکر: ہاں نا۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، اس میں ایک ریکویسٹ ہے۔ پہلے یہ Determine کریں، آج ہی یہ Determine ہونا چاہیئے اور آج ہی یہ سارے ہاؤس کو پتہ چل جانا چاہیئے تھا کہ کیا یہ ایجوکیشن سے Relate کرتا ہے؟ جناب سپیکر، دوسری بات یہ ہے کہ یہ بات بالکل غلط ہے کہ یہ فیڈرل گورنمنٹ سے Relate کرتا ہے۔ 'پیرا' جو ہے، وہ گورنمنٹ سے Relate کرتا ہے اور یہ پراونشل گورنمنٹ کے نیچے ہے اور 'ڈی۔آر۔یو' بالکل ہمارے محکموں کے نیچے ہے، اس کا کوئی تعلق فیڈرل گورنمنٹ سے نہیں ہے۔ فیڈرل گورنمنٹ نے پیسہ بھیجنا ہے اور باقی سارا کام 'پیرا' اور 'ڈی۔آر۔یو' نے کرنا ہے۔ میں نے پہلے بھی یہاں کہا تھا کہ ہمارے سکولوں اور Health facilities کے اربوں روپوں کے پراجیکٹس ہیں جو ضائع ہو رہے ہیں تو خدا کیلئے اس کو Seriously لیا جائے اور آج Determine کر دیں۔ بلور صاحب کہتے ہیں کہ کل ڈی جی 'پیرا' آئے ہیں، ایک مہینے سے اپنی پوسٹ پر ڈی جی 'پیرا' نہیں ہے، ڈی جی 'پیرا' کو لایا جائے تاکہ یہ معاملہ Streamline ہو جائے۔

جناب سپیکر: جی، بشیر بلور صاحب، بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں عرض کرتا ہوں کہ انشاء اللہ اسی سیشن میں کوشش کریں گے کہ 'ایرا' اور 'پیرا'، دونوں کو یہاں پہ بلا کر بات کریں کہ یہ کیوں پینڈنگ جا رہا ہے اور جیسا کہ میرے بھائی نے کہا ہے کہ بیس جون تک جو اربوں روپے ہیں، وہ کہاں جائیں گے اور کیسے ختم ہونگے؟ تو اسلئے ان کو یہاں بلائیں گے اور یہاں بلا کے انشاء اللہ بات کریں گے۔

جناب سپیکر: محتیار خان! یہ سیکنڈری سکولوں کا مسئلہ ہے، اس میں آپ بھی دلچسپی لیں اور ادھر اسمبلی میں بلائیں اور ان سارے معزز اراکین کو بھی بلائیں۔

(قطع کلامیاں / شور)

جناب سپیکر: نہیں بس، وہ تو پینڈنگ ہو گیا نا پینڈنگ ہو گیا۔۔۔۔

(قطع کلامیاں / شور)

Mr. Speaker: It is pending-----

(قطع کلامیاں / شور)

جناب سپیکر: پینڈنگ ہو گیا۔ میں نے رولنگ دے دی نا کہ With in a week, ten days، ظاھر شاہ صاحب! دا دویم سوال خو ھم دغه دے نو۔

* 500 ۔جناب محمد ظاہر شاہ خان: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے برسر اقتدار آتے ہی تبادلوں کا ایک لا متناہی سلسلہ شروع کر رکھا ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ غیر منتخب افراد کی سفارش پر سرکاری افسران اور ملازمین کو ہراساں کیا جا رہا ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اب تک ضلع شانگلہ میں کتنے افسران اور اساتذہ کے تبادلے کئے گئے ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم (جواب سینیئر وزیر (بلدیات) نے پڑھا): (الف) جی نہیں، محکمہ ہذا مقررہ طریقہ کار کے اندر رہتے ہوئے صرف اس صورت میں تبادلے کرتا ہے جہاں شدید ضرورت ہو۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) چونکہ (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں نہیں، لہذا تفصیل ضروری نہیں۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: سپیکر صاحب، دا هم دغسے دے جی۔

جناب سپیکر: دا هم هغے سره پینډنګ کړو؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: پهلا د بابک صاحب دا پینډنګ کړه کنه۔ یو خو د بلور صاحب سره د سره جواب نشته جی۔ په دے مخکښینی سوال کښے ما دغه تحریک استحقاق، دا څه ورته وائی، دا تحریک استحقاق مے پیش کړو، زهٔ به د بلور صاحب خلاف پیش کړم ځکه چه غلط جواب ئے را کړے دے۔ بلور صاحب دا سے دغه کښے دغه کوی چه هغه جواب غلط وی او بیا۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب! یو منټ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: او دریږه، دا Mover دے، Mover اول، First right د Mover دے۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: بیا به دے خفه کیږی۔ زما دا سوال بابک ته پینډنګ کړئ جی چه کله بابک را شی، زما دا سوال، دا بل سوال به دغه کیږی۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ما خو تاسو ته عرض اوکړو چه جواب بالکل ٹهیک دے۔ دے نه دے نو پینډنګ ئے کړئ، بابک صاحب به راشی او خبره به ورسره Satisfied اوکړی، ما ته خو انکار نشته۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اس میں کوئی ٹیکنیکل بات ہے ہی نہیں، ان سے بات کریں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں کوئی بات نہیں، اگر یہ Satisfied نہیں ہیں تو پینڈنگ کر دیں نا، ہمیں کیا ہے؟ بی بی۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: This is also kept pending. Dr. Yasmin Sahiba, Question No. 503. Not present, it lapses. Again Dr. Yasmin Khan, Question No. 523.

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر صاحب! زهٔ دیکښے یو سوال کوم۔

جناب سپیکر: کوم سوال کوے؟

محترمہ نور سحر: د دے پی ای ټی۔

جناب سپیکر: ہاں؟

محترمہ نور سحر: پی ای ټی۔

جناب سپیکر: د ایجوکیشن منسټر نشته نو د چا نه کوے؟ دا پینډنګ شو جی، پریږدئ۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس تاسو جی، بی بی، دا۔۔۔۔۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب، که تاسو اوګورئ نو د قوم د ترقئ او د هر څه دارومدار په ایجوکیشن باندے دے او دلته زمونږه پرائمری ایجوکیشن په دے حال باندے دے، که چرے نن دا منسټر صاحب موجود وے نو زما خیال دے چه دا پوره هال به ولاړ وو، نو یو خو هغه خپل ډیپارټمنټ ته وخت نه شی ورکولے او په هغے کښے داسے عجیبه عجیبه خبرے راځی نو زما خو به دا

گزارش وی چه د هغه سوالات راځی نو پکار دا ده چه متعلقه وزیر چه دے ، اوس د بشیر خان نه به خلق حیا اوکړی، د دوئ د خاطره هم خلق کښینی خو زهٔ د گورنمنټ په نوټس کښے راولمه چه که چرے دا ډیپارټمنټ تاسو اوگورئ نو په دیکښے دا پرائمری ایجوکیشن د دے بنیاد دے او داسے عجیبه عجیبه خبرے پکښے راځی چه کله دے موجود وی نو انشاءالله بیا به ئے مونږ دلته د دهٔ په مخکښے بیانوؤ۔ نو که تاسو لږ هغوی ته دغه انسټرکشن ورکړئ چه کله د یو منسټر صاحب سوالات وی نو پکار ده چه هغه خپل جواب له دلته راځی حالانکه دا Joint responsibility ده، هر یو منسټر ئے کولے شی خو پکار دا ده چه هغه سره معلومات هم وی او صحیح جواب هم ورکړی۔

جناب سپیکر: دا ټهیک وایئی جی۔ سارے منسٹر صاحبان کوشش کریں کہ جن کے سوالات اور جوابات ہوں تو وہ ہال میں اپنی موجودگی ایک پرائم ڈیوٹی سمجھیں۔ جی محمد ظاہر شاہ خان۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: سر، زما خو دریم سوال وو د محکمه تعلیم، 501، هغه هم پینډنګ شو جی؟

* 501 ۔ جناب محمد ظاہر شاہ خان: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع شانگلہ میں مورخہ 2008-12-05 کو درجہ چہارم کے سترہ اہلکاروں کے تقررنامے جاری کئے گئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مورخہ 2008-12-05 کو ای ڈی او نے ضلع شانگلہ کے عبدالقیوم ولد عمر رحیم اور فضل رازق ولد ظاہر جان کے تقرر نامے منسوخ کئے جو کہ ریٹائرڈ ملازمین کے کوٹہ میں ہوئے تھے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ان دو افراد کو بحال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔ تاہم اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ عبدالقیوم ولد عمر رحیم اور فضل رازق ولد ظاہر جان کے تقرر نامے بعد میں اس وجہ سے منسوخ کئے گئے کہ ریٹائرڈ ملازمین کے 25% کوٹہ میں مزید تقرری کی گنجائش اس وقت موجود نہیں تھی اور یہ تقرر نامے غلطی سے جاری ہوئے تھے۔

مزید برآں فضل رازق ولد ظاہر جان نے پشاور ہائی کورٹ میں کیس دائر کیا ہے اور عدالت نے تاحال فیصلہ نہیں کیا ہے، عدالتی فیصلے کے بعد کارروائی کی جائے گی۔

(ج) جی ہاں، حکومت اس سلسلے میں قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کارروائی کرے گی۔

جناب سپیکر: دا بل سوال د ماحولیات والا دے۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: بنه، دا 501 هم پینډنګ شو جی، دریم سوال دے ؟

جناب سپیکر: او۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: تهیک شوه جی۔

جناب سپیکر: ماحولیاتو والا سوال نمبر 551۔

* 551 ۔ جناب محمد ظاہر شاہ خان: آیا وزیر ماحولیات وجنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بشام میں واٹر شیڈ ڈویژن عرصہ دراز سے قائم ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ محکمہ علاقے میں پلانٹیشن اور دیگر کام کر رہا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ نے مذکورہ مد میں کتنا کام کیا ہے اور رقم کہاں استعمال ہوئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) یہ درست ہے۔

(ج) گزشتہ تین سالوں میں محکمہ واٹر شیڈ نے مندرجہ ذیل کام کئے ہیں۔

سال	نمبر شمار	تفصیل کام	رقم
2005-06 تا 2007-08	01	پراجیکٹ ٹیوب نرسری = 3.8ایکڑ	2466523/-
	02	پراجیکٹ براڈ لیو نرسری = 39ایکڑ	6624437/-
	03	کمیونیٹی ٹیوب نرسری = 2ایکڑ	601899/-
	04	کمیونیٹی براڈ لیو نرسری = 26ایکڑ	2019510/-
	05	پراجیکٹ پلانٹیشن = 3735ایکڑ	5976000/-
	06	کمیونیٹی پلانٹیشن = 2033ایکڑ	1626400/-
	07	پراجیکٹ سوئنگ = 329ایکڑ	329000/-

100,000/-	کمیونیٹی سوئنگ= 200ایکڑ	08	
1380600/-	پراجیکٹ ری سٹاکینگ= 767ایکڑ	09	
640000/-	ری پلانٹینگ= 400ایکڑ	10	
1061200/-	مینٹی نینس پلانٹیشن= 8262ایکڑ	11	
93750/-	چیک ڈیم= 125ایکڑ	12	
300000/-	کٹ آف ڈرین= 3000 میٹر	13	
662500/-	وٹ بندی= 50میٹر	14	
227500/-	لائیو سپرس= 4550میٹر	15	
400000/-	میل تنظیم= 4عدد	16	
100000/-	فی میل تنظیم=ایک عدد	17	
600000/-	تنظیم گاؤں میل=بارہ عدد	18	
50000/-	تنظیم گاؤں فی میل=ایک عدد	19	
1000000/-	کمیونیٹی سکیم=دس عدد	20	
30000/-	پراجیکٹ سٹاف ٹریننگ=ایک عدد	21	

جناب سپیکر: سپلیمنٹری پکبنے شته جی؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: دیکبنے خو به سپلیمنٹری ډیر زیات وو خو منسټر صاحب وائی چه زهٔ به تا مطمئن کومه نو چه دوئ څنګه ما مطمئن کوی جی۔ دا خبره خو د واټر شیډ د فنډونو ده۔

جناب سپیکر: بسم اللہ۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: او د دغه ده۔۔۔۔

جناب سپیکر: سوال کوئ جی، سوال کوئ، کوئسچنز ډیر پاتے دی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: او دهٔ وئیل چه زهٔ تا مطمئن کومه نو دوئ د پاڅی او اودی وائی چه ما مطمئن کوی نو زهٔ به بیا مطمئن شم ګنی هسے مطمئن نه یم۔

جناب سپیکر: جی هاں۔

__وزیر ماحولیات:__ سپیکر صاحب، دا ظاهر شاه خان زما مشر ورور دے او په دے خبره دے بنه پوهه هم دے ، زوړ پارلیمیټرین هم دے نو دا جواب تقریباً ډیر بنه په تفصیل سره راغلے دے ، په دے خبره پوهه هم دے او زما یقین دا دے چه دے به مطمئن وی او په دے دغه باندے پوهیږی هم، د هغه ځنګلاتو د علاقے سړے دے نو خامخا به دے مطمئن وی انشاءالله تعالیٰ۔

__جناب سپیکر:__ محمد ظاهر شاه خان! بل سوال دے ستاسو جی۔ تاسو خو بلا تیز شوئ، دومره سوالونه خو، سوال نمبر 553 جی۔

* 553 ۔ __جناب محمد ظاہر شاہ خان:__ آیاوزیر ماحولیات وجنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ بشام میں واٹر شیڈ ڈویژن عرصہ دراز سے قائم ہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ واٹر شیڈ کو فنڈ نقد اور اجناس کی شکل میں ملتے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو 2002 سے لیکر تا حال محکمہ کو کہاں کہاں سے امداد ملی اور کتنا فنڈ اور اجناس کی شکل میں امداد ملی اور رقم جہاں خرچ کی گئی، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

__جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات):__ (الف) یہ درست ہے۔

(ب) یہ بھی درست ہے۔

(ج) محکمہ واٹر شیڈ میں ڈبلیو۔ایف۔پی کی سکیم 2002 سے نہیں بلکہ 10/2006 سے شروع ہے اور ساری امداد ڈبلیو۔ایف۔پی سکیم کے تحت ملی، جو نرسریز، پلانٹیشن، باغات، آٹ بندی، واٹر چینلز، چیک ڈیم، کٹ آف ڈرین، روڈ مرمتی گرین ہاؤس اور ٹریننگ وغیرہ کی مد میں متعلقہ لوگوں اور مزدوروں میں تقسیم ہوئی ہے، تفصیل درج ذیل ہے:

ٹوٹل فنڈ: 890,000/- روپے۔

نمبر شمار	تفصیل	رقم
01	تنخواہ	103,286-00
02	گاڑی مرمتی	170,868-00
03	تیل	241,275-00
04	سٹیشنری دفتر	19,484-00
05	کرایہ گودام	10,000-00

292,581-00	لوڈنگ ان لوڈنگ اجناس	06
46,506-00	متفرق خرچ	07
890,000-00	ٹوٹل	

(B) اجناس کی تفصیل:

گندم (M/T)	دال (M/T)	گھی (M/T)	نمک (M/T)	ٹوٹل (M/Ton)
1738.23	65.368	104.711	17.541	1925.850

جناب سپیکر: جی بل پہ دیکښے سپلیمنټری شته؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: زمونږه منسټر صاحب ډیر ښکلے او خائسته سړے دے جی، زهٔ د دهٔ د محکمے نه مطمئن نه یم خو د دهٔ نه مطمئن یمه جی۔ (قہقہہ)

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریه، شکریه۔ احمد خان بهادر صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: مهربانی۔

(تالیاں)

جناب احمد خان بہادر: بسم الله الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے بڑے آنربیل اور بڑے پاپولر ممبر صاحب ہیں۔ سوال نمبر جی۔۔۔۔۔

جناب احمد خان بہادر: تاسو ته به جی زما د دغه نه اندازه لګیدلی وی جی زما د Popularity۔

جناب سپیکر: نه، بالکل اوشوه، اوشوه۔ دا سوال نمبر جی 668 دے۔

* 668 ۔ جناب احمد خان بہادر: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ماحولیات نے موجودہ حکومت کے دوران ضلع مردان میں بھرتیاں کی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع مردان میں کتنے لوگوں کو ملازمتیں دی گئی ہیں اور ان کا طریقہ انتخاب کیا تھا؛

(ii) مذکورہ لوگوں کی تعیناتی کہاں ہوئی ہے اور اب وہ کہاں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں؟

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلی حیات صوبہ سرحد میں موجودہ حکومت کے دور میں ضلع مردان میں بھرتیاں کی گئی ہیں۔

(ب) (i) مردان وائلڈ لائف ڈویژن میں موجودہ دور حکومت میں کل نو وائلڈلائف واچروں کی آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے اور یہ تمام بھرتیاں مروجہ قانون کے تحت محکمانہ سلیکشن کمیٹی کی سفارش پر کی گئی ہیں۔

(ii) مذکورہ بالا بھرتی شدہ وائلڈلائف واچروں کی تعیناتی کی مطلوبہ تفصیل درج ذیل ہے، نیز مذکورہ ملازمین جن مقامات کیلئے بھرتی کئے گئے تھے وہیں تعینات ہیں:

نمبر شمار	نام ملازم	تعیناتی کا مقام
01	جہانگیر خان ولد میر داد خان	کوہی بر مول ضلع مردان
02	فرہاد علی ولد احمد جان	منگادر گئی (بکیانہ) ضلع مردان
03	محمد سعید ولد خان صاحب	گڑیالا کڑامار ضلع مردان
04	ذاکر حسین ولد شیر محمد	لوند خوڑ ضلع مردان
05	احمد یار ولد عبدالخالق	صوابی شہر ضلع صوابی
06	سجاد احمد ولد تاج محمد	تحصیل تخت بھائی ضلع مردان
07	ہارون رشید ولد نور بہادر	گاؤں زیدہ ضلع صوابی
08	نورالحیات ولد عبدالوہاب	گجوان میرہ ضلع صوابی
09	اعتبار خان ولد صفدر خان	مردان شہر ضلع مردان

جناب سپیکر: سپلیمنټری پکښې شته جی؟

جناب احمد خان بہادر: نه سر، سپلیمنټری پکښې نشته۔ سر، دیکښې ما کوئسچن کړے وو منسټر فار انوائرنمنټ ماحولیات نه And he answered me، زۀ خو د دوئ د جواب نه مطمئن یمه خو دیکښې سر، ما یوه خبره کړې وه چه "طریقہ انتخاب کیا تھا" نو مونږ ته چه ډیپارټمنټ کوم جواب راکړے دے نو هغوی وائی چه "مروجہ قانون کے تحت محکمانہ سلیکشن کمیٹی کی سفارش پر کی گئی ہے"۔ جناب والا، څنګه چه ظاهر شاه خان اووئیل چه مونږ د واجد خان نه بالکل مطمئن یو او د دوئ د کارکردګئ نه هم

مطمئن یو خو د ډیپارټمنټ نه بالکل مطمئن نه یو جی۔ مسئله دا ده جی چه Irregularities پکښې شته خو هغه لاندے دی او هغه زما په خیال ښه د کافی حده پورے به وی۔ نو زهٔ مطمئن یم جی د دوئ د جواب نه خو مهربانی د اوکړی او جواب د مونږ له بیا پوره راکوی۔

Mr. Speaker: Thank you,ji. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: ما ته پته ده جی۔ ښنګه چه احمد خان خبره اوکړه جی، دا دوئ چه کوم واچرز اغستی دی وائلډ لائف کښې نو دا واچرز د وائلډ لائف د ایریا نه دی، مطلب دا دے چه کوم ځائے کښې وائلډ لائف زونز دی یا د دوئ رینجز دی، د هغے ایریا نه دی۔

جناب سپیکر: واجد علی خان جی۔

وزیر ماحولیات: جناب سپیکر، زهٔ مشکور یم د احمد بهادر خان او د عبدالاکبر خان۔ دا واچرز چه کوم دی، دا د ډسټرکټ پوسټ دی جی، پانچ ګریډ دے نو چه کوم پانچ ګریډ وی، هغه په ډسټرکټ سلیکشن کمیټئ کښې، هغه Particular کلاس فور چه دی نو هغه په زونز کښې دی او باقی دا د ډسټرکټ لیول پوسټ وی نو په هغے کښې د دے سلیکشن کیږی جی۔

جناب عبدلاکبر خان: نو دا صوابی او مردان په څه دغه کښې-----

وزیر ماحولیات: بل جی زمونږه خپل ډویژن وی، دا ډویژن یو دے جی، صوابی او مردان یو ډویژن دے۔

جناب عبدلاکبر خان: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: زما مقصد دا دے جی چه Basic د کوم ځائے نه کوآرډینیشن کیږی په زونز کښې یا بل ځائے کښې نو په هغے کښې بهرتی کول پکار دی، په هغه سرکل کښې او په هغه غرونو کښې د هغه څه کار دے ؟ د صوابئ د سړی د مردان په غرونو کښې څه کار دے ؟ د هغه علاقے خلقو ته بالکل څه موقع نه شی ورکیدے چه د هغه ځائے خلق په هغے کښې بهرتی شی۔

جناب سپیکر: جناب واجد علی خان صاحب۔

وزیرماحولیات: زۀ جی د دوئ د خبرے سره متفق یم چه دا سے اوشی نو دا به بنه کار وی، په مستقبل کښے به آئنده خیال کوؤ۔

جناب سپیکر: شکریہ، تھینک یو جی۔ ملک قاسم خان خٹک صاحب جی، سوال نمبر 675۔ موجود نہیں ہیں۔

جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب، سوال نمبر 682۔ موجود نہیں ہیں۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

503 ۔ محترمہ یاسمین نازلی جسیم: کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع صوابی کے بعض گرلز سکولوں میں استانیوں کی تعداد کم جبکہ بعض سکولوں میں تعداد زیادہ ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کی تعیناتی کا اختیار متعلقہ ایگزیکٹیو ایجوکیشن آفیسر کے پاس نہیں ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا حکومت متعلقہ ای ڈی او کو یہ ضرورت کے مطابق Detailment کا اختیار دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔ تاہم جن سکولوں میں طالبات کی تعداد زیادہ ہوتی ہے تو وہاں استانیوں کی تعداد بھی زیادہ ہوتی ہے اور جن سکولوں میں طالبات کی تعداد کم ہوتی ہے تو وہاں استانیوں کی تعداد بھی کم ہوتی ہے، استانیوں کی تعداد طالبات کی تعداد کے مطابق ہوتی ہے۔

(ب) قانون کے مطابق مندرجہ ذیل افسران کے پاس مختلف سکیلوں میں کام کرنے والے اساتذہ کی تعیناتی کا اختیار ہے:

پی ٹی سی، ڈی ایم، پی ای ٹی، سی ٹی، اے ٹی، ٹی ٹی، قاری:	ای ڈی او متعلقہ ڈی سی او کے مشورے سے کرتا ہے۔
ایس ای ٹی:	ڈائریکٹر (ای اینڈ ایس ای)
ہیڈ ماسٹر، ایس ایس، پرنسپل	سیکرٹری (ای اینڈ ایس ای ڈی)

(ج) Detailment کیلئے پالیسی میں 'پروویژن' نہیں ہے۔

523 ۔ محترمہ یاسمین نازلی جسیم: کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوابی میں خواتین اساتذہ کو مشترکہ دفتر کی وجہ سے ڈی او (زنانہ) سے ملنے میں دشواری کا سامنا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت ڈی او (زنانہ) صوابی کا دفتر ڈی او (مردانہ) صوابی سے الگ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ خواتین اساتذہ کو ڈی او (زنانہ) سے ملنے میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی نہیں، خواتین اساتذہ کو مشترکہ دفتر کی وجہ سے ڈی او (زنانہ) سے ملنے میں کوئی دشواری نہیں۔

(ب) چونکہ (الف) کا جواب اثبات میں نہیں ہے، لہذا حکومت ڈی او (زنانہ) صوابی کا دفتر ڈی او (مردانہ) صوابی سے الگ کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔

675۔ <u>ملک قاسم خان خٹک:</u> کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے صوبہ سرحد میں جنگلات کو ترقی دینے کے متعدد منصوبے شروع کئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حلقہ پی ایف۔41 کرک میں شجرکاری شروع کی گئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت کی طرف سے شروع کئے گئے منصوبے کا نام، لاگت، سورس آف فنڈنگ اور مقام کی حلقہ وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) کرک میں شجرکاری کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز شجرکاری کی نشاندہی کس نے کی تھی تحریری ثبوت پیش کیا جائے؟

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات):</u> (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ حلقہ پی ایف۔41 کرک میں شجرکاری کی گئی ہے۔

(ج) منصوبہ کا نام:

"Afforestation over waste community lands in Hangu, Karak and B.D Shah."

لاگت: 0.938 ملین

سورس آف فنڈنگ: صوبہ سرحد کا سالانہ ترقیاتی منصوبہ (اے ڈی پی)

تفصیل مقام:

حلقہ پی ایف۔41 کرک

لواغڑ خواڑ پلانٹیشن (Afforestation)	پچاس ایکڑ
سورڈاگ تخم بیجائی (Dry afforestation)	پچاس ایکڑ

حلقہ پی ایف۔40 کرک

دارنگی پلانٹیشن (Afforestation)	پچاس ایکڑ
زنکہ بانڈہ تخم بیجائی (Dry afforestation)	پچاس ایکڑ

(ii) تفصیل جز نمبر (i) میں درج ہے:

(a) شجر کاری کی نشاندہی برائے لواغڑ خواڑ پلانٹیشن ایریا کی متعلقہ حلقہ کے ایم، پی اے کی زبانی ہدایت پر ہوئی ہے۔

(b) باقی ماندہ رقبوں کی نشاندہی متعلقہ کمیونٹی کی مانگ / درخواست کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ جنگلات کے مقامی اہلکاروں نے کی ہے۔

682 ۔<u>ڈاکٹر ذاکر اللہ خان</u>: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مردان فارسٹ ڈویژن میں صوابی جہانگیرہ روڈ کے دونوں طرف کھڑے درختان کو سڑک کی کشادگی کیلئے باقاعدہ مارکنگ اور کٹائی کے بعد نیلام کیا گیا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سڑک کے دونوں اطراف پر کل کتنے درخت مارک کئے گئے، درختوں کی اقسام، مقدار اور نیلامی کی رقم کی تفصیل بتائی جائے؛

(ii) مذکورہ روڈ کے ہر سائڈ کے مارک شدہ اور کٹائی شدہ درختوں کی الگ الگ مارکنگ لسٹ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات)</u>: (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) سڑک کے دونوں اطراف پر کھڑے کل 3423 عدد درختان تفصیل ذیل مارک کئے گئے ہیں۔

نمبر شمار	اقسام درختان	تعداد	والیوم	حاصل شدہ رقم

01	شیشم	569	18767.32مکسر فٹ	5882535/-
02	لاچی وغیرہ	2854	91929.76مکسر فٹ	5116627/-
میزان		3423	110697.08مکسر فٹ	10999162/-

علاوہ ازین فارسٹ ڈیوٹی بحساب بیس روپیہ فی مکسر فٹ اور فارسٹ ڈیویلپمنٹ فنڈ بحساب پانچ روپیہ مکسر فٹ وصول کی گئی۔

(ii) مارک شدہ اور کٹائی شدہ درختان کی تفصیل ذیل ہیں:

مارک شدہ درختان	والیوم	کٹائی شدہ درختان	والیوم	بقایا
شیشم 569	18767.32مکسر فٹ	569	18767.32مکسر فٹ	--
دوسرے2854	91929.76مکسر فٹ	2854	91929.76مکسر فٹ	--
کل میزان 3423	110697.08 مکسر فٹ	3423	110697.08 مکسر فٹ	--

(مزید تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: چند معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن کے اسمائے گرامی ہیں: ملک قاسم خان خٹک صاحب، 13-01-2010؛ جناب شیر اعظم خان وزیر صاحب، 13-01-2010؛ جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ خان، 13-01-2010؛ جناب ارباب ایوب جان صاحب، 13-01-2010، Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: ‘Ayes’ have it. Leave is granted.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میں ایک ضروری۔۔۔۔

(شور)

جناب عطیف الرحمان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! زۂ یوه ضروری خبره کول غواړم-----

جناب سپیکر جی ون بائی ون-----

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عطیف صاحب-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نه، دے مخکښے وو۔ عطیف خان! اودریږی، دے مخکښے وو۔ منور خان صاحب مخکښے وو، دے مخکښے مونږه کال کړے وو جی۔

رسمی کارروائی

(صوبہ میں اغواء برائے تاوان کی وارداتیں)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: شکریه، جناب۔ ما مخکښے تاسو ته دا خبره اوکړه چه په لکی ستی هسپتال کښے یو ډاکټر دے، ډاکټر فلک ناز چه سرجن دے او هغه داسے سرجن دے چه یو خو لوکل دے او د دے علاقے ټول کسان په دۂ باندے Depend کوی، که شپه وی او که ورځ وی، که دے په کور کښے وی، که په هسپتال کښے وی او که په کلینک کښے وی نو هر څوک ورځی دۂ له د آپریشن د پاره۔ که ایمرجنسی وی، 24 hours به دے سړی ډیوټی کوله، اوس تقریباً یوه میاشت اوشوه چه دا سړے اغواء شوے دے او تر اوسه پورے د دۂ څه اته پته نه لگی سر، نو زما ریکویسټ دے چه کم از کم گورنمنټ ئے لږ پریشرائز کړی دا ایډ منسټریشن والا چه تر اوسه پورے ډاکټر فلک ناز ولے نه دے برآمد شوے؟ بل دا چه که گورنمنټ دا کسان صرف دے دغه ته پریږدی چه یره هغه به په پیسو باندے ځان راخلاص کړی نو مونږه وایو چه د گورنمنټ کوم حیثیت پاتے شو چه دا شے تر اوسه پورے دغسے پاتے دے؟ نو هغوی ما ته یو Last warning راکړے دے چه بهئ که د ډاکټر فلک ناز په باره کښے حکومت څه غور اونکړو نو مونږ به تر هغه پورے په Strike باندے یو، ایمرجنسی، پرائیویټ کلینکس او دا پرائیویټ هسپتالونه به مونږه ټول بند ساتو، سر۔

جناب سپیکر: ٹریژری بنچز سے کون جواب دیگا؟ جناب بشیر بلور صاحب۔۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: سر! میں اس میں Addition کر دوں تو پھر وہ جواب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں؟

جناب عنایت اللہ خان جدون: اگر میں Addition کر دوں تو پھر ایک دفعہ جواب دے دیں منسٹر صاحب۔

جناب سپیکر: آپ کا بھی یہی ہے؟

جناب عنایت اللہ خان جدون: سر، اس کے ساتھ ہی Related ہے۔

جناب سپیکر: بتادیں جی۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جدون صاحب کا جی۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جس طرح میرے دوست منور خان صاحب نے ابھی اپنی بات کی، اسی طرح میں بھی بات کرنا چاہتا ہوں کہ ایبٹ آباد میں بھی اغواء کاری کا یہ سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ اس سے پہلے ہماری ایک بڑی سیاسی شخصیت، مہابت اعوان صاحب تحریک انصاف کے صدر تھے جو کچھ چھ ماہ تک اسی طرح اغواء رہے اور پھر بڑے Suspicious حالات میں ان کا ریلیز بھی ہوا، کچھ پتہ نہیں، کلیئر نہیں کہ وہ کیا ہوا اور حکومت اس کو ریلیز کرانے میں بھی بالکل ناکام ہو گئی۔ اس کے بعد بھی بچوں کے تین واقعات ہو چکے ہیں اور ابھی Latest ایک ہوا ہے، ہمارا وہاں پہ ایک صنعتی تاجر ہے عبدالمالک خان، ان کا ایک بچہ ڈیڑھ ماہ پہلے لیکر چلے گئے اور اس کا بھی کچھ پتہ نہیں ہے کہ وہ کہاں پہ ہے اور کیا ہے؟ تو یہ اغواء کا سلسلہ اس طرح ہے کہ پچھلے سات آٹھ ماہ سے ایبٹ آباد اور ہزارہ میں کافی تیزی سے جاری ہے تو میں یہ بھی Addition کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: اصل میں یہ مرحلہ پشاور پہ گزر چکا ہے، دو چار مہینے، چھ مہینے یہ کافی رو چلی تھی ادھر لیکن یہ بھی افسوس کی بات ہے کہ ایبٹ آباد ہمارا Peaceful city ہے۔ جناب بشیر بلور صاحب! اس طرف خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ جناب بشیر بلور صاحب۔

